عالمِ اسلام
کی
اقتصادی وسیاسی صورتِ حال

اسرار عالم

عالمِ اسلام کی اقتصادی و سیاسی صورتِ حال

اسرار عالم

اسلامک فقہ اکیڈمی، نئی دہلی
(انڈیا)

Copyrighted material

0260
9.3.2
891

عالم اسلام

کی اقتصادی اور سیاسی صورت حال

① اس عنوان پر اس اعتبار سے گفتگو کی گئی ہے اور مسائل کا اس طرح احصاء کیا گیا ہے کہ حاضرین کرام ان امور سے واقف ہیں جن کا تذکرہ دو مضامین "عالم اسلام کی صورتحال اور اسلام مخالف عالمی ایجنسیاں" میں کیا گیا ہے۔

② آئندہ بحث میں اصل توجہ اقتصادی صورتحال پر دی گئی ہے اور اقتصادی امور کے ذیل میں سیاسی مباحث زیر بحث لائے گئے ہیں۔

③ جہاں سیاسی تجزیہ کیا گیا ہے وہ اکثر بیشتر گذشتہ دو سالوں کے حالات و واقعات پر مبنی ہے۔

④ زیر نظر مضمون میں مغرب سے عام طور پر وہ قوت مراد ہے جو دراصل یہودیوں کے ہاتھوں میں ہے۔

تمہید: مسلمانوں کی آبادی تقریباً ایک ارب بیس کروڑ کی ہے جو دنیا کی ایک تہائی آبادی کے برابر ہے۔ مسلمان دنیا کے تمام براعظموں ایشیا، افریقہ، یورپ، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ اور آسٹریلیا میں پائے جاتے ہیں۔ دنیا میں مسلمانوں کی آبادیاں چار قسموں کی ہیں۔

① وہ علاقے جہاں مسلمانوں کی بڑی آبادی ہے اور حکومت بھی مسلمانوں کی ہے۔

② وہ علاقے جہاں مسلمانوں کی بڑی آبادی ہے مگر حکومت نہیں۔

③ وہ علاقے جہاں مسلمانوں کی آبادی اچھی خاصی ہے۔

عرض ناشر

۔۔۔ الفقہ الاسلامی الہند نے مدارس عربیہ دیوبند میں عصری علوم کے اجتماع کے ساتھ مدارس اسلامیہ کے منتخب علماء کے تربیتی کیمپس بھی مدارس میں منعقد کیے۔ جس میں مختلف علوم وفنون پر علماء کی نگرانی میں ممتاز اساتذہ کے علمی اور عملی کے کچھ پرس ہوتے۔

مدارس کے عمومی فائدے کے پیش نظر اکیڈمی نے ان کی اشاعت کا منصوبہ بنایا۔

امید ہے کہ اہل مدارس علماء درسیات پر محنت و توجہ کے ساتھ ساتھ عصری علوم وفنون کے ابتدائیات سے بھی واقف ہونے کی کوشش کریں گے۔

والسلام

⑦ وہ علاقے جہاں مسلمانوں کی آبادی تھوڑی ہے۔

مُسلم ممالک : دنیا میں آزاد مسلم ملکوں کی کل تعداد تقریباً ۵۲ ہے۔ جو تین براعظموں — ایشیا، افریقہ اور یورپ میں پھیلے ہوئے ہیں۔

عالم اسلام کا محل وقوع انسانی تاریخ کا عجیب وغریب پہلو ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس اُمت کو مستجاب اور مجتبیٰ اس اعتبار سے بھی بنایا ہے کہ دنیا کی وہ تمام قوتیں جو سربلندی کے لئے ضروری ہوتی ہیں اس اُمت کو عطا فرمائی ہیں۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس اُمت کو عالم اسباب میں چھ نادر چیزیں عطا فرمائی ہیں۔ یہ چھ چیزیں صرف وہ ہیں جن کا تعلق نسل، مستقر اور متاع سے ہے جن کا ذکر اس آیت میں کیا گیا ہے۔

ولکم فی الارض مستقر ومتاع الی حین (البقرہ ۳۶)

Habitable ① پہلی نادر نعمت دارالاسلام (یہاں اس کا استعمال Muslim Heartland کے معنی میں ہوا ہے) کا محل وقوع ہے۔ یہ دارالاسلام ۱۰ ڈگری جنوبی عرض البلد سے لیکر تقریباً ۵۰ ڈگری شمال عرض البلد تک ہے۔ یہ پورا علاقہ تقریباً متصل حصار ارض ہے یہاں کا محل وقوع قابل آبادکاری Habitable ہے۔

Warm Water ② دوسری نادر نعمت بری وآبی گزرگاہوں کا علاقہ ہونا ہے۔ اس کا تعلق انسانی آبادی تاریخی عوامل، جغرافیائی حالات، موسم، اور دیگر تمام طبعی وغیر طبعی عوامل سے ہے گزشتہ ۴ سالوں کی ترقی کے پیش نظر یہی علاقہ گزرگاہوں اور نوافذ کا علاقہ بھی ہے۔ دنیا کی قدیم وجدید بری اور آبی راستے جو گرم پانی کا راستہ کہلاتے ہیں اسی علاقے میں ہیں۔

Resources ③ تیسری نادر نعمت مال ہے۔ مال سے مراد وہ تمام دولت اور پیداوار ہے جو یا زمین کی سطح پر ملتی ہے یا پانی کی سطح اور پانی کے اندر یا زمین کے اندر۔ پھر اس اموال میں انتہائی اہم توانائی کے ذخائر Reservior of Vital energies بھی شامل ہیں جن کی تین چوتھائی مقدار اسی علاقہ میں ہے۔

یہاں انسانی وسائل کی قلت نہیں ہوتی۔

Civilic Centre, ④ پانچویں نادر نعمت ان علاقوں کا تہذیبی علاقہ ہونا ہے۔ تاریخ انسانی کی تمام تہذیبیں اسی علاقے میں پھلی پھولیں یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ علاقہ ہمیشہ سے Habitable رہا ہے۔

Islam ⑤ اور چھٹی اور آخری نعمت نسل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے دنیا کی تمام تاریخی نسلوں کو اسلام کے آغوش میں ڈال دیا ہے۔ اور بطور خاص ان نسلوں کو جو Inner Crescent ہلال اندرونی میں پائی جاتی ہیں۔

ان تمام نعمتوں کے باوجود آج ساری اسلامی دنیا اپنی تاریخ کے

حالات کی نزاکت : نازک ترین دور سے گزر رہی ہے۔ مذکورہ تمام چیزوں پر بالواسطہ یا بلاواسطہ کفار اور مغرب غالب آچکے ہیں۔ ان امور سے انشاءاللہ آئندہ بحث کی جائے گی۔ اس وقت صرف اس بات کا بتانا مقصود ہے کہ ان تمام مواقع اور قوتوں سے بے دخلی کے بعد عالم اسلامی کو کن سنگین خطرات وہلاکات کا سامنا ہے۔ یہ خطرات وہلاکات کم از کم چار اقسام کی ہیں جو درج ذیل ہیں:

مہلکات :

① مغرب نے عالم اسلام کی تمام آبی گزرگاہوں پر یا تو قبضہ کرلیا ہے یا ان پر اپنی بالادستی قائم کر رکھی ہے۔

② مغرب نے اپنی خانہ زاد ایجنسیوں مثلاً U.N.O. اور عمودی تفوق اور جبری اجارہ داری کا سہارا لیکر تمام گزرگاہوں پر قبضہ کرلیا ہے۔

③ مغرب عمودی تفوق اور جبری اجارہ داری کا سہارا لیکر اس بات کی بھرپور کوشش کر رہا ہے کہ عالم اسلام آسمان میں اس کی اجارہ داری کا خاتمہ نہ کر سکے۔

④ مغرب اپنی خانہ زاد ایجنسیوں عمودی تفوق اور جبری اجارہ داری کا سہارا لیکر اس بات کی کوشش کر رہا ہے کہ عالم اسلامی کی تمام معدنیات پر اپنی اجارہ داری قائم رکھے۔

⑤ مذکورہ قوتوں کا سہارا لیکر تیسے حربوں سے جن کا ذکر انشاءاللہ بعد میں آئے گا) وہ

① اچھی جڑیوں کا استعمال کر کے عالم اسلام کے تمام انسانی وسائل کو اپنا غلام اور اپنی ملکیت بنانے کی تدبیر ہو رہی ہے۔

② بعض خصوصی تدابیر سے عالم اسلام میں پائے جانے والے تمام عقلی، ذہنی، اور فنی صلاحیتوں اور قوتوں پر اپنی اجارہ داری قائم کرنے کے لئے مغرب اسلام کا گلا گھونٹنا شروع کر چکا ہے۔

③ 1948, 1923, 1914 کی جنگوں 1978, 1969 اور 1967, 1956 کے کیمپ ڈیوڈ معاہدہ ۱۹۹۱ سے خلیج اور اب اسرائیل اور P.L.O. معاہدہ کی سازشوں سے یہودیوں نے دارالاسلام کے قلب یعنی دارالامن اور جزیرۃ العرب کو کل حصار میں لے لیا ہے۔ پورے عالم عرب میں مراکش سے لیکر خلیج فارس تک (عوام کو چھوڑ کر) عملاً اسرائیل کا بلا واسطہ یا بالواسطہ اقتدار قائم ہو چکا ہے۔

آخر جزیرۃ العرب کے وصال کے بعد پہلی بار ان تین احادیث کا گویا مشاہدہ ہو رہا ہے:

حدیث: ① عن ام شریك قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليفرّنّ الناس من الدجال حتى يلحقوا بالجبال قالت ام شريك قلت يا رسول الله فاين العرب يومئذ قال هم قليل۔ رواه مسلم (اذا ضربت شانهم الجهاد في سبيل الله والذب عن دينه)

حدیث مزید: ② عن ابي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يأتي الدجال وهو محرم عليهما يدخل نقاب المدينه ——— تفرد به

حدیث مروج: ③ عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقوم الساعة حتى يكثر المال ويفيض حتى يخرج الرجل زكوة ماله فلا يجد احدا يقبلها منه وحتى تعود ارض العرب مروجا وانهارا (رواه مسلم وفي رواية لمسلم تبلغ المساكين اهاب او جهاب۔

مہلکہ: ④ اس سلسلے کا تواں خطرہ اور مہلکہ ہے کہ مختلف وجوہات سے دارالاسلام یعنی Muslim Heartland اور بطور خاص جزیرۃ العرب، وما حولہا میں مشرکین اور

بت پرستوں کی آبادیوں میں غیر معمولی اضافہ ہو رہا ہے: ایک طرف تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم

آیت: براءة من الله ورسوله الى الذين عاهدتم من المشركين فسيحوا في الارض اربعة اشهر واعلموا انكم غير معجزي الله وان الله مخزي الكافرين ——— التوبة: ٢

اور

اليوم يئس الذين كفروا من دينكم فلا تخشوهم واخشون کے بعد حکم فرما دیا تھا کہ مشرکین تو دور رہے اب اس جزیرۃ العرب میں ان کا وجود بھی باقی نہ رہے جو اہل کتاب ہونے کے باوجود آزادانہ اس پر ایمان نہیں رکھتے آپ نے فرمایا تھا:

حدیث اخراج: اخرجوا اليهود والنصارى من جزيرة العرب ——— رواه مسلم اور آج ہے کہ دیگر علاقے تو درکنار خاص جزیرۃ العرب میں یعنی متحدہ عرب امارات، کویت، قطر، عمان، بحرین میں اور وہ بھی بحیثیت موقتی انسانی وسائل کے نہیں بلکہ شہری کے اعتبار سے مشرکین کی آبادیاں ہر سال لاکھوں کی تعداد میں بڑھ رہی ہے۔ ان کے مندر تعمیر ہو رہے ہیں اور شرک و بت پرستی دوبارہ مستحکم ہو رہی ہے۔ خود سعودی عرب میں لاکھوں گھروں میں چھوٹے اور بڑے مندر ہیں جہاں باضابطہ بت استادہ ہیں اور پوجا ہو رہی ہے۔ وہاں کے موقف پر جس رفتار سے مغرب اثر انداز ہو رہا ہے ایسا لگتا ہے کہ عنقریب سعودی عرب U.N.O. کے تمام ضوابط تسلیم کرے گا پھر ان مشرکین کو وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو کسی درجے میں ایک شہری کو ہوتے ہیں۔

اس صورت حال میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک اور حدیث یاد آتی ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ آنکھیں اسی کا مشاہدہ کر رہی ہیں:

حدیث شریف: عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقوم الساعة حتى تضطرب اليات نساء دوس حول ذي الخلصة وكانت صنما لهم دوس في الجاهلية تبالة۔ ——— رواه مسلم

موت وحیات کی جنگ:

اس طرح اس وقت سارا عالم اسلام ان ہولناک سے موت وحیات کی جنگ لڑ رہا ہے۔

سوال یہ ہے کہ آخر یہ صورتِ حال کیوں کر پیدا ہوئی؟ کیسے اور کتنے دنوں میں اور کن حالات میں اُمتِ مسلمہ عروج سے انحطاط کے اس قعرِ مذلت میں گر پڑی اور اب اس وقت اس اُمت کی حقیقی صورتِ حال کیا ہے؟ اور اگر یہ سچ ہے کہ ہم اپنی موت وحیات کی جنگ لڑ رہے ہیں تو پھر آخر اس نازک صورتِ حال سے نکلنے کا راستہ اور طریقہ کار کیا ہونا چاہیے۔ (اس کا کچھ آئندہ ہم ان کا کسی قدر تفصیل سے جائزہ لینا چاہیں گے۔

ہمارے لئے اس صورتِ حال میں سب سے ضروری امر یہ ہے کہ ہم قرآن وسُنّت سے زمانے کی حقیقت سمجھنے کی کوشش کریں۔ کسی بھی زمانے کے ساتھ ہمارے موقف کی تعیین میں اسی بات کا لحاظ رکھنا چاہیے ورنہ اگر ہماری تشخیص غلط ہوئی تو تجویز کا غلط ہو جانا یقینی ہو جائے گا۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

حدیث: ① من کعب بن یامین قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان بحسبک امتہ بقتنۃ وتسنۃ امتی المالی ——— رواہ الترمذی

② من عمران بن حصین، قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث: یقول ما بین خلق آدم الی قیام الساعۃ امر اکبر من الدجال (رواہ مسلم)

③ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا احدثکم

حدیث: حدیثا من الدجال ماحدث بہ نبی قومہ انہ اعور ..... واتی انذرکم کما انذر بہ نوح قومہ ——— متفق علیہ

دور کا تعین:

چنانچہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جن انتظامی انحطاط کا ذکر حضرت نعمان بن بشیر کی حضرت حذیفہ کی روایت کردہ حدیث میں کیا ہے۔

ان تکون ثم یرفعھا اللہ تعالیٰ ثم تکون خلافۃ علی منہاج النبوۃ ماشاء اللہ ان تکون ثم یرفعھا اللہ تعالیٰ۔ ثم تکون مُلکاً عاضاً فتکون ماشاء اللہ ان تکون ثم یرفعھا اللہ تعالیٰ ثم تکون ملکاً جبریۃً فیکون ماشاء اللہ ان یکون ثم یرفعھا اللہ تعالیٰ ثم تکون خلافۃ علی منہاج النبوۃ۔

——— مسند احمد والبیہقی فی دلائل النبوۃ

اور دوسری حدیث: عن ابی عبیدۃ ومعاذ بن جبل عن رسول اللہ

حدیث: صلی اللہ علیہ وسلم قال ان ھذا الامر بدا نبوۃ ورحمۃ ثم یکون خلافۃ ورحمۃ ثم مُلکاً عضوضاً ثم کائن جبریۃً وعتوا وفساداً فی الارض یستحلون الحریر والفروج والخمور یرزقون علی ذلک وینصرون حتی یلقوا اللہ ——— رواہ البیہقی فی شعب الایمان

اس طرح ان دونوں حدیثوں میں بیان کردہ ادوار کی تطبیق حسبِ ذیل ہو سکتی ہے:

① النبوۃ	① نبوۃ ورحمۃ
② خلافۃ علی منہاج النبوۃ	② خلافۃ ورحمۃ
③ مُلکاً عاضاً	③ مُلکاً عضوضاً
④ مُلکاً جبریۃ	④ کائن جبریۃ
	⑤ عتو
	⑥ فساد فی الارض
⑤ خلافۃ علی منہاج النبوۃ	⑦ خلافۃ علی منہاج النبوۃ (یعنی اللہ اعلم)

دو ادوار کے بیچ:

اس طرح گویا پہلی حدیث میں ملکاً جبریۃً کے بعد خاموشی ہے اور اچانک خلافۃ علی منہاج النبوۃ کا ذکر آتا ہے۔ اور دوسری میں پانچویں اور چھٹے دور کا بھی تذکرہ ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ پہلی حدیث عہد اسلامی کے اہم ادوار کا تذکرہ کر رہی ہے جس کا تسلسل چوتھی منزل پر ختم ہو جاتا ہے اور پھر وہ خلافۃ علی

علی [illegible] قیامت کو شمول عہد اسلامی کو بیان کرتی ہے اور جس کے مطابق زیادہ
سے [illegible] ہر ایک دور ایسا آتا ہے جس میں زمین فساد سے بھر جائے گی۔ ایسا لگتا ہے
کہ [illegible] مطابق چوتھی اور پانچویں کے مابین ہیں اور دوسری حدیث کے مطابق چھٹے
دو[illegible]

[illegible] وہ حدیث جس میں آنحضور ﷺ نے فرمایا:

حدیث: عن نافع بن عتبہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تغزون
جزیرۃ العرب فیفتحہا اللہ ثم فارس فیفتحہا اللہ ثم تغزون الروم
[illegible] ثم تغزون الدجال فیفتحہ اللہ ——— رواہ مسلم

[illegible] جزیرۃ العرب زیادہ سے زیادہ ۶۳۱ء میں اور فارس ۶۴۱ء میں اور روم زیادہ
سے [illegible] میں فتح ہوئے۔ اس اعتبار سے اب صرف عہد دجال اور معرکہ دجال ہی باقی
رہ [illegible]

[illegible] نفسیاتی، اخلاقی اور معاشرتی امور کا مسلمہ ہے تو آنحضور ﷺ نے
جن [illegible] دیا ہے وہ اظہر الشمس ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

حدیث: عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتخذ الفئ
دولا والامانۃ مغنما والزکاۃ مغرما وتعلم لغیر الدین واطاع
[illegible] وعق امہ وادنی صدیقہ واقصی اباہ وظہرت
[illegible] فلیرتقبوا عند ذلک ریحا حمراء وزلزلۃ وخسفا ومسخا وقذفا وآیات تتابع کنظام
[illegible] ——— رواہ الترمذی

[illegible] حاضر کی جھلک پاتے ہیں۔ لہٰذا ان تمام احادیث پر غور کرنے سے ایسا
[illegible] عہد عہد حتمۃ مال اور عہد معرکہ دجال ہے وہ کب ظاہر ہوگا اللہ بہتر جانتا ہے بظاہر

حالات اس عہد کی علامتوں کے عین مطابق ہیں۔

آپ حضرات ان نصوص کے سیاق و سباق اور مالہ و ماعلیہ سے بخوبی واقف ہیں لہٰذا میں ان سے صرف نظر کرتے ہوئے ان امور کی طرف مراجعت کرتا ہوں جن کا ذکر ابتداءً کر چکا ہوں۔

عالمی اسلامی نظام اور اس کا زوال:

تاریخ عالم کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے تاریخ انسانی کا پہلا کلی نظام عالم قائم فرمایا۔ آپ تمام عالم کے نبی رسول اور ہادی تھے۔

ابتداءً اس کلی نظام عالم کی دونوں حیثیتیں یعنی حقیقی اور اعتباری ایک تھیں۔ جب تک ان کی حقیقی اور اعتباری حیثیتیں یکساں رہیں یہ نظام نظام رحمت رہا، پہلے نظام نبوۃ و رحمۃ پھر نظام خلافۃ و رحمۃ۔

پھر اس کی اعتباری حیثیت تو علی حالہ برقرار رہی ہاں حقیقی حیثیت میں انحطاط و انحراف شروع ہوا۔ اعتباری حیثیت کا کلی انہدام ۱۹۲۴ء میں ہو گیا جب مصطفےٰ کمال پاشا نے یہودیوں کی سازش سے خلافت عثمانیہ کا خاتمہ کر دیا، ہاں تاریخی طور پر یہ بتانا مشکل ہے کہ حقیقی اعتبار سے وہ گھڑی کب آئی جب عالمی اسلامی نظام مغربی نظام سے مغلوب ہو گیا۔ تاہم اس کا جائزہ یقیناً لیا جا سکتا ہے کہ عالمی نظام اسلامی کے زیر سایہ دنیا میں کب سے دجال کا فتنۂ مال نمودار ہوا۔

یہودی فتنہ کا آغاز:

اسلامی سواد اعظم سے بہت دور اس کا آغاز ۱۰۰۰ء کے قریب ہو چکا تھا لیکن اس کے خدوخال ۱۴۵۰ء کے بعد ہی نمایاں ہوئے۔

اس فتنۂ مال کو اعتباری طور پر کلی غلبہ ۱۹۲۲ء میں مل گیا تھا لیکن حقیقی غلبہ ۱۹۴۵ء کو ملا۔

اضطراب و تعامل:

عہد خاتم النبیین (یعنی بعثت خاتم النبیین تا قیام مقامات) کی تاریخ انسانی دراصل تین قرآنی قوموں کے اضطراب و تعامل کا نتیجہ ہے۔

تینوں ہیں۔ مسلمان، عیسائی اور یہودی۔ (مومنین، نصاریٰ اور یہود)

مسلمانوں کا اضطراب: مسلمانوں کا اضطراب ظہور فتنۂ دجال ظہور یاجوج وماجوج اور نزول عیسیٰ سے متعلق ہے۔

عیسائی اضطراب: عیسائیوں کا اضطراب بھی ظہور فتنۂ دجال جسے وہ Anti Christ کہتے ہیں۔ یاجوج وماجوج اور عیسیٰ علیہ السلام کے ظہور ثانی سے متعلق ہے۔ یہ ظلم میں خدا کی بادشاہت قائم ہوگی اور اس میں ۱۰۰۰ سال کی مدت کو خصوصی اہمیت ہے۔

یہودی اضطراب: یہودیوں کا اضطراب خدا کی مطلق وہ مستقل بادشاہت کے قیام، یروشلم کی واپسی اور تمام بنو اسرائیل کے دوبارہ وہاں جمع ہونے اور ہیکل سلیمانی سے متعلق ہے۔

مسلمانوں کے رہنما: مسلمانوں کے رہنما قرآن واحادیث میں مذکور وہ نصوص ہیں جو قیامت اور آثار قیامت سے متعلق ہیں۔

عیسائیوں کے رہنما: عیسائیوں کے رہنما انجیل میں مذکور وہ باب ہے جسے پیشین گوئی کہتے ہیں۔

یہودیوں کے رہنما: یہودیوں کے رہنما توریت کے مختلف ابواب بطور خاص سموئیل باب ۲ سطر ۷، بادشاہان باب ۱ سطر ۸ اور شاہ باب ۱۲۷ سطر ۵ ہیں۔

یہودیوں کی بدبختی: چنانچہ یہودی جو انبیاءؑ کے قاتل اور جبرئیل کے دشمن تھے اپنی بدبختیوں اور بداعمالیوں کا نتیجہ بھگتنے کے باوجود کبھی اپنی حرکتوں سے باز نہیں آئے۔ لہٰذا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا انکار کرنے اور ان کے دربے آزار ہونے کی وجہ سے وہ نصاریٰ کے ہاں مغضوب ہوئے، نکالے گئے لیکن ان کی سازشیں جاری رہیں۔ ان کی بدبختی اور بداعمالی اس وقت بھی ان پر غالب آئی جب اللہ تعالیٰ نے انہیں ہدایت سے نوازا اور آنحضور ﷺ کو خاتم النبیین کی حیثیت سے مبعوث ہوئے۔

کے خلاف سازشیں کیں، انہیں قتل کرنے کی کوشش کی اور اسلام کی جڑ کاٹنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے یہودیوں کو جزیرۃ العرب سے نکال دیا اور حضرت عمرؓ نے یروشلم میں ان کی آبادکاری پر پابندی لگا کر دراصل قبلتین اور دارالاسلام کو ان کی سازشوں سے پاک کر دیا۔

یہودی سازش کا آغاز: اس کے بعد یہودیوں کی عالمی خفیہ سازش کا آغاز ہوا۔ یہ سازش کلیتاً خفیہ تھی۔ ہر زمانے میں اس کے الگ الگ نام رہے ہیں لیکن بشت رسول اللہ ﷺ وسلم کے بعد بطور خاص اس عالمی خفیہ تحریک کا جو نام یہودیوں کی خفیہ تحریک فریمیسن رکھی ہے ہم اسی سے اسے موسوم کرتے ہیں۔ اس عالمی خفیہ تحریک کا نام "زیرزمین ندی" Undergrouand River ہے۔

اس زیرزمین ندی کی سب سے بڑی سازش جو الیعلیہ نبوی میں ہوئی وہ ۱۰۰۰ عیسوی میں سامنے آئی۔ یہودیوں نے اپنے دو دشمنوں مسلمان اور نصاریٰ کو باہم لڑا کر ختم کرنے کی سازش ۱۰۰۰ عیسوی میں کی۔ انہوں نے عالم عیسائیت کے اس عہدے کو برانگیختہ کیا جو انجیل کے باب "پیشین گوئی" میں مذکور ہے۔ ان کا خیال تھا کہ مسلمان اور نصاریٰ میں خواہ کوئی یا دونوں برباد ہو جائیں، بہرحال فاتحہ یہودیوں کا ہوگا اور وہ صیہون کو واپس ہو سکیں گے۔ سارے عالم عیسائیت کا صلیبی جنگوں کے لئے اٹھ کھڑا ہونا اسی کا شاخسانہ تھا۔

بالآخر جب عالم عیسائیت اسلام کے سواد اعظم سے ٹکرا کر 1212ء میں کمزور ہو گئی تو یہودیوں کو عالم عیسائیت میں وسیع اور گہری سازش کرنے کا موقع مل گیا۔ چنانچہ اس کے بعد عالمی یہودی سازش کے دو بڑے حصے ہو گئے۔ جو باہم مربوط تھے۔ پہلا حصہ حسب سابق خفیہ اور زیرزمین تھا جب کہ دوسرا حصہ سطح زمین پر آگیا۔

یہودی سازش کی پہلی قسم کا تذکرہ کسی قدر احوال سے پہلے کیا جا چکا ہے اس نشست میں اس سازش کا تذکرہ ہوگا جو علانیہ تھی۔ اسی سازش کا نام فتنۂ دجال ہے۔ اس لئے کہ اس میں ازاول تاآخر دجال کی کارفرمائی ہے۔

یہودی فتنہ کے ادوار:

طول بحث سے بچنے کے لئے میں نے ۱۰۰۰ء سے ۱۹۹۳ء تک کی اس سازش کو جسے میں نے تخت مال کہا ہے آٹھ ادوار میں منقسم کیا ہے۔ یہ آٹھ ادوار درج ذیل ہیں۔

① گلڈ کا دور Era of Guilds

گلڈ کا دور: اس دور کے دو حصے تھے ہیں۔ پہلے حصے میں یہودیوں نے کلیسا اور نصاریٰ کو صلیبی جنگوں کے لئے ابھارا اور جنگ کے اخراجات کے لئے سود پر مالی قرض دیئے دوسرے حصے میں عیسائیوں کی شکست کے نتیجے میں خود انہیں سیاسی، مذہبی اور علاقائی جنگوں کی طرف دھکیل کر اور ان کی خانہ جنگیوں میں سود پر پیسہ لگا کر اور ان سے مراعات حاصل کر کے پورے عالم عیسائیت کو اپنی گرفت میں لے لیا۔ اس دور میں ان کے تجارتی مراکز Guilds کہلاتے تھے۔ یہ صدفی صد یہودیوں پر مشتمل تھے۔ خود یہ گلڈ بعد میں دو حصوں پر منقسم ہو گئے Merchants Guilds اور دوسرا Crafts guilds اس دور کی مدت ۱۰۰۰ء اور ۱۳۰۰ء کے مابین ہے۔

② بینک کا دور Era of Banks

بینک کا دور: گلڈ کے دور کے درمیانی حصے میں ہی مقامی اور علاقائی طور پر بینک کے دور کا آغاز ہو چکا تھا۔ اس کی شروعات یہودیوں کی ایک خفیہ شاخ نے جو بظاہر نصاریٰ کی شکل میں تھے اور Knight Templars کہلاتے تھے صلیبی جنگوں کے درمیان کی تھی۔ یہ فرانسیسی تھے۔ اسی زمانے میں یہودیوں کی اس شاخ جو اٹلی کے شہر وینس اور جنیوا شہر میں آباد تھی زیادہ منظم طریقے سے اس کا آغاز کیا۔ رفتہ رفتہ مالی تبادلوں کی ہر شکل پر ان بینکوں کا قبضہ ہو گیا اور یہ مراکز دراصل عالم عیسائیت کے تمام مالی کاروبار، ریاست اور بادشاہوں کے مالی تبادلے کے اجارہ دار بن گئے۔ ۱۳۰۰ء آتے آتے سارے عالم عیسائیت کی مالی نبضیں کی اجارہ داری یہودیوں کو منتقل ہو چکی تھی۔ یہی ادارے ۱۴۰۰ء سے قبل باضابطہ موجودہ بینکوں کی طرح مالی کاروبار کرنے لگے تھے۔ یہ بینک یہودی سازشوں کے لئے پیسہ فراہم کرتے۔ عیسائی دنیا میں ہر طرح کے انقلابات کے لئے مددگار ہوتے اور عیسائی عقائد کے خاتمہ اور ان میں سودی کاروبار کے رائج کرنے کا سبب بنتے۔

③ تجارت کا دور Era of Trade

تجارت کا دور: یوں تو دنیا میں ہر زمانے میں مقامی، علاقائی اور بین الاقوامی تجارت ہوا کرتی تھی لیکن یہودیوں نے اپنی سازشوں کے ایک حصے کے بطور عالمی تجارت کی ایک نئی شکل کا سہارا لیا۔ خانہ جنگیوں اور ہر طرح کے مذہبی اور دیگر مصیبتوں سے بھری عیسائی دنیا کے خانہ خراب لوگوں کا استحصال کر کے یہودیوں نے تجارت کے دائروں کو بڑھانا شروع کیا۔ کولمبس انہیں یہودیوں کا ایک آلہ کار تھا۔ یہ یہودی ادارے بین الاقوامی تجارت اور بحری اسفار کے لئے لوگوں کو مالی تعاون دیتے۔ اس طرح ایک طرف تو عالم عیسائیت میں یہودیوں کی اجارہ داری سیاسی، فکری، مالی اور معاشرتی اعتبار سے کلی طور پر قائم ہو گئی، دوسری طرف وہاں کی تمام عیسائی حکومتیں جنہیں یہودی ہمیشہ برسرپیکار رکھتے بری طرح یہودیوں کی تحریری ہو گئیں، اور تیسری طرف یہودیوں نے اپنے کاروبار کو غیر عیسائی علاقوں میں بھی پھیلا لیا۔ اس دور کا آغاز ۱۴۵۰ء سے ہوتا ہے اور عملاً یہ دور ۱۹۰۰ء تک قائم رہا۔

آپ حضرات کے علم میں ہے کہ یہودی اپنی تاریخ نگاری کے لئے رمزی زبان و بیان کا سب سے زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ اسی طرح کی ایک رمزی اور پراسرار کتاب میں یہودیوں نے ابتدائی دو ادوار یعنی گلڈ اور تجارت کے دور کی خفیہ سرگرمیوں کا جائزہ لیا ہے مصنف کا کہنا ہے:

But the farther back into history we go, the smaller our chance of finding evidence of the existence of a secret society of "Freemasons" as a continuous phenomenon. The Scottish Rite Masons claim that the Temples Johannites and other orders of Crusader Knights, who went out to conquer the Holy land, were the forerunners of todays Masonry and that the link is unbreakable.

اسی طرح ایک دوسری رمزی کتاب کے باب Who keeps the world میں مذکورہ صدیوں ادوار کا جائزہ لیا گیا ہے دنیا میں یہودیوں کی مختلف خفیہ زبانیں اور اصطلاحات

اجارہ داری کے اعتبار سے داخل ہو گئے۔ اسی عہد میں شمالی اور جنوبی امریکہ اور مغربی افریقہ جہاں ان یہودیوں کا مقابلہ کرنے والا کوئی نہیں تھا یہ مزید پانچویں عہد میں داخل ہو گئے۔ عالم اسلامی میں یہ تجارت سے آگے نہیں بڑھے۔ اسی عہد میں East India Company جیسے یہودی ادارے با اختیار ہوئے۔ اسی دور میں یہودیوں نے Dutch East India Company اور London company قائم کئے۔ اسی دور کو تجارتی انقلاب commercial Revolution کا دور بھی کہتے ہیں۔

⑤ تجارتی استعمار کا دور۔ Era of Commercial Colonisation.

تجارتی استعمار کا دور: یہ دور یہودیوں کے عالم عیسائیت پر کلی غلبہ کا دور کہا جا سکتا ہے۔ اس دور میں یہودی عالم عیسائیت اور بطور خاص یورپ اور امریکہ میں ایسی حالت میں پہنچ گئے جب زندگی کے تمام پہلوان کی مٹھی میں تھے اور یورپ اور وہاں کی حکومتیں کٹھ پتلیوں کی طرح یہودیوں کے اشارے سے ناچ رہی تھیں۔ دراصل یہودی یورپ کے عیسائیوں کے ہاتھوں بالواسطہ سارے عالم میں اپنا استعمار قائم کر رہے تھے۔ یہی دور وہ ہے جب یہودی پوری قوت سے عالم اسلام کے حصار کو توڑ کر داخل ہو گئے۔ بظاہر ساری دنیا میں برطانیہ، فرانس، اٹلی، اسپین، ہالینڈ اور پرتگال کی نوآبادیاں اور استعمارات قائم ہوئیں لیکن دراصل یہ یہودیوں کے استعمار تھے۔ یہودی قوت کے کلی غلبہ کو ظاہر کرنے کے لئے صرف ایک مثال کافی ہوگی۔ یہ مثال ہے مشہور یہودی Mayer Amschel Rothschild کی۔

اٹھارہویں صدی کے اواخر میں اوتھ شلڈ نے اپنے پانچ بیٹوں کو خصوصی نظم کے تحت یورپ کے پانچ سلطنتوں کے مراکز میں بھیجا۔ یہ مراکز تھے پیرس، ویانا، نیپلز، لندن اور فرینکفرٹ اور ایک بین الاقوامی بینکنگ ہاؤس قائم کی۔ دیکھتے دیکھتے انھوں نے نہ صرف تمام یہودی کوششوں کو centerise کیا اور دنیا کی تمام بین الاقوامی تجارت پر نگران اعلیٰ کا کام شروع کر دیا بلکہ سارے یورپ کی تمام بظاہر استعمار قوتوں برطانیہ، فرانس، اٹلی، ہالینڈ، پرشیا، جرمنی، وغیرہم کا اقتدار اپنے ہاتھوں میں لے لیا۔

سلطنت برطانیہ اپنے تمام کاموں اور بین الاقوامی کاموں کے لئے سرتاپا اوتھ شلڈ کے

سانچے میں ڈھلی ہوئی ہے۔ یہ آج بھی ان میں سے ایک مخصوص زبان اور اصطلاح کا استعمال کرتی ہے اس لئے بظاہر اس کا سمجھنا دشوار ہے۔ مصنف نے لکھا ہے:

Every country, of course, was once a developing country. However, formidable their resources and people, most nation depended initially on foreign money and bankers to help them to finance their trade. In medieval Europe the interaction between capital and enterprise began to transform the continent, and produced the new profession of bankers, as opposed to mere money lenders, who were international in their origins. Medieval laws forbade the practice of usuary, and treated money lenders as out-caste, but the merchants who developed into bankers could make profits by dealing between currencies, and could lend money for international expeditions, armies and trade which made them indispensible to their rulers.

By the late middle ages the expanding European trade, encouraged by the Crusades against Islam had produced the first international banks. The wool workers in Florence, who imported bales of wool from Spain, England and even Africa, were financed by Florentine merchants whose savings helped to finance the Renaissance.

⑥ بین الاقوامی تجارتی ادارہ سازی کا دور (Era of Multinationalisation)

MNC دور: اسے Era of International commercialisation بھی کہا جا سکتا ہے۔

یہ دور ۱۹۰۰ء سے ۱۹۷۰ء کے مابین ہے۔ جب عالم عیسائیت کے نیم جان زمین پر ایسے بڑے بڑے بین الاقوامی ادارے اختیارات حاصل کرنے لگے جو کلی طور پر ان حکومتوں کے سرچشمہ قوت بن گئے اور بین الاقوامی طور پر عالم اسلام کے انحطاط کو دیکھ کر ان میں تجارتی اور

قرضوں کی طرف دیکھتی تھی، روتھ شلڈ نے ان عالمی طاقتوں سے بڑی بین الاقوامی انٹلی جینس نیٹ ورک قائم کر رکھا تھا۔ اور یورپ کی تمام حکومتیں اس کے ہاتھوں میں کھلونا تھیں۔ اسی نے ان تمام حکومتوں کو عالم اسلام پر حملے کرنے اور سلطنت عثمانیہ کو تباہ کرنے کیلئے پوری صدی Finance کیا۔ سلطنت برطانیہ کی آڑ میں خدیو مصر سے نہر سوئز کی نصف شیئرز اس نے ۱۸۷۶ میں خرید لئے۔ اسی دور میں ۱۷۶۵ میں ایسٹ انڈیا کمپنی نے بنگال کی دیوانی حاصل کر لی اور ۱۸۰۳ میں دلی کے علاوہ عالم بن گئے۔

یہ دور ۱۷۰۰ سے شروع ہو کر ۱۸۶۰ تک قائم رہا۔

ملوکانہ استعماریت کا دور: ⑤ ملوکانہ استعماریت کا دور Era of Imperial Colonialization

یہ دور دراصل ۱۸۴۸ سے شروع ہوتا ہے۔ لیکن آسانی کے پیش نظر اسے ۱۸۶۰ کے مابعد کا دور کہا گیا۔ گویا ۱۸۶۰ آتے آتے یہودیوں نے محسوس کر لیا کہ وہ اس قدر قوی اور صاحب اختیار ہو چکے ہیں کہ اب عالمی طور پر ساری دنیا کو براہ راست اپنے ہاتھوں میں لے سکیں اور اپنے نقشہ کے مطابق نظام عالم مرتب کر سکیں۔ چنانچہ انھوں نے اپنے حلیفوں اور آلہ کار کے بجائے براہ راست یہودی استعمار کی طرف پیشقدمی کی۔ اور تجارتی کمپنیوں کی حکومت کے بجائے براہ راست ملوکانہ استعمار کئے گئے۔

دو واقعات: یہاں دو باتوں کا ذکر بطور خاص ضروری ہے۔ ہر چند کہ ان دونوں باتوں کا تعلق ماسبق دور سے ہے۔ ماسبق دور میں دو غیر معمولی واقعات رونما ہو چکے تھے جن کا تعلق یہودیوں کے منصوبہ کے کامیاب ہونے سے تھا۔ پہلا واقعہ امریکہ کا انقلاب تھا جو ۱۷۷۶ میں آیا۔

امریکی انقلاب: امریکی انقلاب دراصل یہودیوں کے دو روایتی دشمنوں عیسائیوں اور مسلمانوں کے Mainland سے دور اور الگ یہودیوں کی پہلی آزاد نہ ریاست کا قیام تھا۔ اس کی اہمیت ایک ایسے Front Headquarters کی ہے جو یہودیوں نے عالمی منصوبہ بندی کے لئے وضع کی تھی۔ وہاں یہودی اس اقتباسے کامیاب

دیس دانیز بگڑا اپنے عالمی منصوبہ بندی کو بروے کار لانے کے لئے انھیں مل گیا جہاں روایتی عصبیتیں نہیں تھیں۔

انقلاب فرانس: دوسرا غیر معمولی واقعہ فرانس کا انقلاب تھا جو ۱۷۷۹ میں آیا۔ فرانس کا انقلاب دراصل یہودیت کا عیسائیت پر آخری ضرب کاری تھا جس کے ذریعہ یہودیت نے عیسائیت کے پرخچے اڑا دیئے۔ ۱۸۴۸ سے یہودیت نے عیسائیت کے تمام مالتیہ کا چن چن کر صفایا کر دیا۔

چنانچہ ملوکانہ استعماریت کے دور میں یہودیوں نے براہ راست پیشقدمی شروع کی۔ تاہم وہ محسوس کرتے تھے کہ بعض یورپی عیسائی علاقے اب بھی اٹھ کھڑے ہونے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لہٰذا دو سازشوں کے ذریعہ انھوں نے ان کوششوں کو دبانا چاہا یہ دونوں سازشیں تھیں دو محاذ ہے Triple Alliance اور Triple Entente. جس کا ضروری نتیجہ پہلی جنگ عظیم کی صورت میں ظاہر ہوا۔

صیہونی تحریک: اسی موقع پر عالمی یہودی اکابرین کی وہ غیر معمولی کانفرنس ہوئی جس میں عالمی یہودی منصوبہ بندی کو روبہ عمل لانے کا فیصلہ کیا گیا۔ جسے دی پروٹوکول آف دی الڈرس آف زایون The Protocols of the Learned Elders of Zion کہتے ہیں۔

دو نظام: اس مرحلہ میں پوری دنیا کو دو نظاموں میں منقسم کر دینے کی کوشش کی جانے والی تھی اور یہ دونوں نظام براہ راست یہودیوں کے ہاتھوں میں ہوتے۔ ان دو نظاموں کی مدد سے دنیا میں یہودیوں کے جانی دشمنوں عیسائیوں اور مسلمانوں کا کلی صفایا کیا جانا مقصود تھا اور ساری دنیا کی ہر چیز پر اقتدار قائم کر کے ایک ایسی ریاست کی تشکیل دینے کی کوشش ہونی تھی جسے داؤد کی ابدی سلطنت قرار دیا جا سکے۔ جس کے تحت ساری دنیا سے بکھرے ہوئے نو اسرائیل کے بارہ قبیلوں کو اس سلطنت میں جمع کرنا، صیہون کی واپسی اور ہیکل سلیمانی کی دوبارا تعمیر پیش نظر تھا۔

اور خلافت عثمانیہ کے انہدام کا فیصلہ کیا گیا اور دو نظاموں کے قیام کے لئے روس اور امریکہ کا انتخاب کیا گیا۔ چنانچہ اعلان بالفور کے تحت ۱۹۱۷ میں فلسطین میں یہودی ریاست کے قیام کو یقینی بنایا گیا، ۱۹۱۴ میں جنگ عظیم شروع کی گئی اور جرمنی، آسٹریا اور ترکی کی قوت کے خاتمہ کی کوشش ہوئی۔ ۱۹۱۷ میں روس کا بالشویک انقلاب برپا کیا گیا جو دراصل ایک صد فی صد یہودی خفیہ انقلاب تھا۔ اس طرح دنیا میں دوبارہ راست یہودی نظام قائم ہوئے ــــــــ لبرل ڈیماکریٹک تھیوری Liberal Democratic Theory مارکسٹ تھیوری Marxist Theory پر قائم امریکی نظام اور پر قائم سوویت روسی نظام سلطنت جرمنی کا خاتمہ کر دیا گیا۔ خلافت عثمانیہ کا خاتمہ کر دیا گیا۔

دوسرے نظام کے خاتمے کی طرف: اور اب اس عہد کے آخری مرحلے میں امریکی اور روسی دو بہرے نظام کو کچھ مدت کے بعد ختم کر کے واحد عالمی یہودی نظام کے قیام کی ابتدائی خاکہ میں رنگ بھرا جانے لگا۔

لبرل ڈیماکریٹک امریکی نظام اور مارکسٹ روسی نظام کی یکجائی کے لئے پہلا ابتدائی یہودی عالمی نظام لیگ آف نیشنز League of Nations کی صورت میں شروع کیا گیا۔ جو یہودی اصلاح کے مطابق Retardation کا شکار ہو گیا۔ اور انہیں ایک اور عالمی جنگ یعنی جنگ عظیم دوم کا فیصلہ لینا پڑا جس کا ذکر آئندہ ہوگا۔

عالمی نظام کی تعیین: اس مدت میں یہودیوں نے اپنی مجوزہ عالمی نظام کے لئے عملی اور عملی قانون سازی اور اس کے نفاذ کی کوششوں کا آغاز کر دیا۔ چنانچہ نہایت اختصار کے ساتھ ان کوششوں کا تذکرہ کیا جا رہا ہے تاکہ موجودہ صورت حال پر نظر ڈالتے وقت اس کا بخوبی اندازہ کیا جا سکے کہ ان کی اور عالم اسلام کی حقیقی صورت حال کیا ہے۔

① بین الاقوامی قانون سازی

(الف) ① آسٹرین کوڈ Austrian Code 1861.

② اکوڈ فار گورنمنٹ آف آرمیز آف فرانسیس لائبر A code for Government of Armies of Francis Lieber 1963

③ بلن شلی کوڈ Bluntschli Code 1868

④ پاس کل فیور کوڈ Pasquale Fiore Code 1889

⑤ ڈرافٹ آوٹ لائن آف این انٹرنیشنل کوڈ آف ڈیوڈ ڈڈلی فیلڈ Draft Outline of an International Code of David Dudley Field 1872

(ب) بین الاقوامی قانون سازی II ادارہ جاتی قانون سازی Institutional Codification

① انسٹیٹوٹ دی دروائے انٹرنیشنل کا قیام Institute de Droit Internationale 1872

② ایسوسی ایشن فار دی ریفارم اینڈ کوڈیفکیشن آف دی لاء آف نیشنز کا قیام Association for the Reform and codification of the Law of Nations 1872

جو ۱۸۹۵ میں انٹرنیشنل لا ایسوسی ایشن International Law Association میں بدل گیا۔ اس ادارہ کا کارنامہ ہے دی مینوئل آف دی لاز آف وار آن لینڈ The Manual of the Laws of war on Land جو ۱۸۸۰ میں شائع ہوا۔

③ دی امریکن سوسائٹی آف انٹرنیشنل لا The American Society of International Law جو 1905 میں قائم ہوا۔

④ دی امریکن انسٹیٹیوٹ آف انٹرنیشنل لا (برائے قوانین مغرب) The American Institute of International Law (Western Hemisphere) 1912

⑤ ہارورڈ یونیورسٹی ریسرچ ان انٹرنیشنل لا The Harvard Universities Research in International Law 1926

جس نے لیگ آف نیشنز کے قوانین مرتب کئے۔

بین الاقوامی کانفرنس برائے قوانین سازی وضابطے:

① ہیگ کانفرنس (اول) The Hagar Conference 1899

② ہیگ کانفرنس (دوم) The Hague Conference 1907

③ جنیوا کانفرنس Geneva Conference 1864

④ لندن کانفرنس London Conference 1909

(The Declaration of London) اعلان لندن

جو دراصل مرتب میں وضع کردہ دی لاز اینڈ یوسیجز آف وار ایٹ سی (The Laws and Usages of War at Sea) کا ضابطہ توثیق تھا۔

بین الاقوامی نظم کے ابتدائی ادارہ جات اور محکموں کا قیام

① یورپین کمیشن فار دی ڈینیوب The European Commission for the danube 1856

② دی انٹرنیشنل جیوڈیٹک ایسوسی ایشن The International Geo-detic Association 1864

③ دی انٹرنیشنل بیورو آف ٹیلی گرافک ایڈمنسٹریشن The International Bureau of Telegraphic Administration 1868

④ دی یونیورسل پوسٹل یونین Ther Universal Postal Union

⑤ دی انٹرنیشنل بیورو آف ویٹس اینڈ میژرس The International Bureau of Weight and Measures

⑥ دی انٹرنیشنل کاپی رائٹ یونین The International copy right Union 1886

⑦ دی انٹرنیشنل آفس آف پبلک ہیلتھ The International office of Public Health 1903

⑧ دی انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف ایگریکلچر The International Institute of Agriculture 1905

اس طرح یہودی جنگ عظیم اوّل سے قبل ایک بین الاقوامی مملکت قائم کرنے کے لئے خود کو بالکل تیار کر چکے تھے۔ جنگ عظیم اوّل کے خاتمہ کے نتیجے میں فرانس کے شہر ورسای Versailles میں وہ کانفرنس ہوئی جس نے ایک طرف عیسائی دنیا کی آخری طاقت کا خاتمہ کر دیا اور دوسری طرف خلافت عثمانیہ کے حصے بخرے کر دیئے۔ ۱۹۲۳ء میں خلافت کا باضابطہ خاتمہ اسی کا تتمہ یا تکملہ تھا۔ اور تیسری طرف لیگ آف نیشنز League of Nations کی شکل میں پہلی بین الاقوامی یہودی مملکت وجود میں آئی۔

نئی استعماریت کا عہد: ④ نئی استعماریت کا عہد Era of Neo-Colonialisation یہ نئی استعماریت علوکانہ استعماریت کے برخلاف زیادہ براہ راست تھی اور دراصل کلی بین الاقوامی یہودی نظام کی ایک عبوری صورت تھی۔ خود اس استعماریت کے دو حصے ہیں ① نئی استعماریت کا عہد اوّل جو 1919ء سے شروع ہو کر 1939ء تک تھا اور ② نئی استعماریت کا عہد دوم جو 1945ء سے شروع ہو کر 1990ء تک تھا۔ اس عہد کے یہودی مقاصد بنیادی طور پر دو تھے۔

① غیر یہودی نظام وقوانین جو خواہ عقیدہ، دین، سیاست، ہیئت، معاشرت تہذیب وتمدن کسی سے بھی متعلق ہوں ان کا مقامی، علاقائی اور بین الاقوامی ہر سطح پر مکمل انہدام۔

② عالمی یہودی نظام وقوانین کا زندگی کے تمام معاملات میں کلی نفاذ اور غلبہ۔

نئی استعماریت I: ① نئی استعماریت کا عہد اول 1919-1939 ——— ورسای کی سازش کے تحت یہودی قوت نے ساری دنیا کی ان قوتوں کا خاتمہ کر دیا جو یہود دشمن تھیں۔ ان کے تمام علاقے آپس میں بانٹ لئے گئے۔ خلافت عثمانیہ ختم کر دی گئی۔ سلطنت عثمانیہ کے تمام علاقوں کو یا تو بانٹ لیا گیا یا انتداب کے حوالے کر دیا گیا۔

۱۹۱۷ء کے انقلاب روس سے دو نظاموں کی داغ بیل ڈالی گئی۔ روسی بالشویک استعمار نے تمام مسلم ریاستوں پر قبضہ کر لیا۔ یہ دو نظامی کا طریقہ کار تھا Duocracy کے راستے Monocracy کا حصول۔ یعنی دنیا کو دو حصوں میں بانٹ کر مذکورہ دو امور یعنی غیر یہودی

نظام و قوانین کا انہدام اور عالمی یہودی نظام و قوانین کا نفاذ ـــــــ کا ہدف حاصل کرنا۔
اور اسی دوران تیسری قوت کا استعمال کر کے عالمی یہودی نظام کو مستحکم کرنا۔ یہ تیسری قوت
جو گزشتہ ۶۰۰ سالوں سے کام کرنے والی ملائیہ یہودی قوت کا ہی ایک حصہ تھی مگر اب ایک
الگ باضابطہ نظام اور ادارہ کی شکل اختیار کر چکی تھی اور سب سے زیادہ موثر تھی ایک ہراول
دستے کی طرح دیگر عمیل قوتوں کے مقابلے میں سب سے آگے آگئی اور یہ تھی مالی نظام
کی قوت جو مالی اداروں اور افراد کی شکل میں متشکل ہو چکی تھی۔

چنانچہ امریکی انقلاب 1776 فرانسیسی انقلاب 1779 اور روسی انقلاب 1917
کے بعد ایک غیر معمولی اور عدیم النظیر انقلاب برپا کیا گیا۔ یہ ایک خفیہ وسیع اور عالمگیر مالی انقلاب
تھا۔ یہ انقلاب تین ذیلی مرحلوں میں لایا گیا اور سراسر مصنوعی تھا۔ اس کا پہلا مرحلہ 1920 تا
1929 کا تھا جب دنیا میں ایک Boom لایا گیا۔ دوسرا مرحلہ 1929 سے شروع ہوتا ہے جب ساری دنیا
کو ایک عدیم المثال کساد بازاری The great Depression میں مبتلا کر دیا گیا اور جس کے
دوران ۱۹۳۱ میں عظیم مالی زوال (The Great Crash) لایا گیا۔ اور تیسرا مرحلہ ۱۹۳۰ کی دہائی
میں ساری دنیا سے گولڈ اسٹینڈرڈ gold standard کا خاتمہ ہے۔ ہر چند کہ اس انقلاب کی
تکمیل ۱۹۴۴ میں برٹن وُڈس کانفرنس (Bretton Woods Conference) کے فیصلوں کی شکل
میں ہوئی لیکن اس کا ذکر نئی استعماریت کے عہد دوم میں ہوگا۔

اس مالی انقلاب کے نتیجے میں ساری دنیا بشمول تمام عوام و حکومتیں یہودیوں کے تابع کردہ
عالمی مالی نظام کی غلام ہو گئیں۔

مالی محاذ پر یہودیوں کو ساری دنیا میں گویا Walk Over مل گیا لیکن فکری سیاسی اور عسکری
محاذ پر ان کا مقابلہ ہو رہا تھا۔ جیسا کہ عرض کیا گیا کہ یہودیوں نے مالی محاذ کے علاوہ دیگر تمام محاذوں پر
جو طریقہ اختیار کیا وہ Dascracy کے راستے Monocracy تک پہنچنا تھا۔ چنانچہ اس نظام کے
تحت دنیا عملاً دو قطبوں میں منقسم کر دی گئی ① کمیونسٹ بلاک ② سرمایہ دارانہ بلاک۔
کمیونسٹ بلاک کا سربراہ روس تھا اور سرمایہ دارانہ بلاک کا سربراہ برطانیہ ـــ 1919 تا

اس مدت میں ان دونوں قوتوں نے اپنے اپنے مخصوص طریقہ کار سے اپنی اپنی جگہ مندرجہ ذیل
چیزوں کا حصول کرنا چاہا!

① فکری اجارہ داری	Ideological Monopoly
② شیطانی اجارہ داری	Anti-divine Monopoly
③ سیاسی اجارہ داری	Political Monofbly
④ عسکری اجارہ داری	Martial Monopoly
⑤ وسائل کی اجارہ داری	Logistic Monopoly
⑥ ترسیلی اجارہ داری	Strategic Monopoly
⑦ تدبیری اجارہ داری	

اس عہد میں ایک زبردست Retardation کا سامنا یہودیوں کو کرنا پڑا یہ Retardation
تھا جرمنی میں ہٹلر اور اٹلی میں مسولینی کا ظہور۔ یہ وہی سفت Retardation تھا جس کے سبب
یہودیوں کو کئی فیصلے کرنے پڑے۔ پہلا فیصلہ برطانیہ کے بجائے امریکہ کو ایک قطب کا سربراہ بنانا۔
دوسرا فیصلہ تھا تیسری قوت کے تیسرے شعبے کے لئے باضابطہ ایک ادارہ کی تشکیل۔ ان امور کا
ذکر دوسرے حصے میں (ان شاء اللہ) آئے گا۔ لیکن اس سلسلے کا سب سے بڑا فیصلہ جنگ عظیم دوم
کا فیصلہ تھا۔ تاکہ اس Retardation کا خاتمہ کیا جا سکے جو ہٹلر اور مسولینی کی شکل میں نمودار
ہوا تھا۔

اس مدت یعنی 1919 تا 1939 میں تیسری قوت کے تیسرے شعبے کی حیثیت سے سرِ ادارہ
کی تشکیل ہوئی وہ لیگ آف نیشنز League of Nations کہلاتا ہے۔ اس ادارہ کے تحت
عالمی یہودی نظام کی جو کوششیں ہوئیں وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

① ڈرافٹ ٹریٹی آف میوچول اسسٹینس Draft Treaty of Mutual
Assistance 1923

② دی جنیوا پروٹوکول The Geneva Protocol 1924

جس کے تحت تمام منسلک کنندگان ممالک کو لازماً عالمی عدالت سے رجوع کرنا اور اس کی بات ماننے کو تسلیم کرنا تھا

⑦ دی پیکٹ آف پیرس یا کیلگ برائی اینڈ پیکٹ The Pact of Paris or the Kellog Briand Pact 1928

⑧ دی جنرل ایکٹ آف ۱۹۲۸ The Locarno Treaties 1925 The General Act of 1928

⑨ ترک اسلحہ کی کوششیں یعنی P.C.TMC اور دی ورلڈ ڈس آرمامنٹ کانفرنس جنیوا ——— "

⑩ طریقہ انتداب The Mandate System

اور اس کے تحت Permanent Mandate Commission کا قیام اسی کے تحت ترکی کے تمام علاقے ——— عراق، فلسطین، شرق اردن برطانیہ کو اور شام اور لبنان فرانس کو دے دیئے گئے۔

⑪ اقلیت کاؤنسل Minorities Council for Protection of Minorities

کے تحت تمام دنیا کی یہودی دشمن علاقوں کو اقلیتوں کے نام پر ٹکڑوں میں دے صرف بانٹ دیا گیا بلکہ ان کے مابین باہمی منافرت اور مناقشے کی آگ بھڑکا دی گئی۔

⑫ معاشی اور مالیاتی تنظیمیں:

① ورلڈ اکنامک کانفرنس The World Economic Conference 1927

② مانیٹری اینڈ اکنامک کانفرنس The Monetary & Economic Conference 1933

③ مواصلاتی اور راہ داری کی تنظیمیں: The Communication and Transit Organisation 1920

⑬ ہیلتھ آرگنائزیشن The Health Organisation 1923

⑭ دی نان سین انٹرنیشنل آفس فار ریفیوجیز The Nansen International Office for Refugees 1930

⑮ دی انٹرنیشنل لنگویٹ آف ایٹیلیکچول کوآپریشن The International

⑦ نئی استعماریت کا عہد دوم 1945-1990

نئی استعماریت II: جنگ عظیم دوم کے یہودیوں کے نقطہ نظر سے اطمینان بخش خاتمے اور یورپ میں اپنے خلاف Retardation کی قوتوں کے کلی قلع قمع سے انھیں اس کا یقین ہوگیا اب وہ وقت آگیا ہے جب وہ اپنے منصوبہ کے آخری دور میں قدم رکھ سکیں۔ یعنی باضابطہ ایک صیہونی ریاست کا اعلان، صیہون کی واپسی اور ہیکل سلیمانی کی تعمیر جدید۔ لیکن انھیں اب بھی بعض ایسی قوتوں کی طرف سے اطمینان نہیں تھا جن میں اکثر ایشیا، افریقہ اور لاطینی امریکہ میں پائی جاتی تھیں چنانچہ ہر چند کہ انھوں نے اسرائیل کے قیام کا فیصلہ کر لیا لیکن انھیں یہ بات زیادہ مناسب معلوم ہوئی کہ ابھی علانیہ سامنے ظاہر ہو جانے کے بجائے نئی استعماریت کو عہد دوم تک توسیع دے دی جائے۔ اور ایک مزید درمیانی مدت کے گزرنے کا انتظار کر لیا جائے۔ چنانچہ جنگ عظیم دوم کے خاتمے سے قبل ہی انھوں نے اس کی کوشش شروع کر دی۔ پہلی کوشش مذکورہ سطور پر انھیں اجارہ داریوں کے قیام کی تھی ساتھ ہی ساتھ تین حربے مزید استعمال کئے گئے یعنی دو قطبوں کو مزید تیز بنایا گیا اور دو قطبوں یعنی امریکہ اور روس کے درمیان سرد جنگ Cold War کا آغاز کر دیا گیا۔ دوسرا یہ کہ تیسری قوت کے دوسرے شعبے کو مزید با اختیار فعال اور منظم بنایا گیا اور تیسرا یہ کہ تیسری قوت کے پہلے شعبے کی گرفت دنیا پر مزید سخت کر دی گئی۔ چونکہ دوسری جنگ عظیم ایک حادثہ نہیں تھی بلکہ یہودیوں کی سوچی سمجھی اسکیم UNO کے تحت شروع ہوئی تھی اور اس کا واحد مقصد Retardation کی قوتوں کا خاتمہ کرنا تھا لہٰذا یہودی حواس باختہ ہونے کے بجائے بہ اطمینان اپنے اگلے منصوبے کی تکمیل کی طرف رواں رہے۔ جنگ نے انھیں مزید آسانیاں پیدا کیں۔ چنانچہ دوران جنگ انھوں نے مذکورہ تین امور کے لئے جو کوششیں کیں وہ درج ذیل ہیں۔

① The Atlantic Charter 1941 دی اٹلانٹک چارٹر

② The Declaration of United Nations Jan, 1, 1942 دی ڈیکلریشن آف دی یونائٹڈ نیشنز

③ The Casablanca Conference 1943 دی کاسابلانکا کانفرنس

ح دی فوڈ اینڈ ایگریکلچر کانفرنس The Food and Agriculture Conference 1943

ط دی ماسکو کانفرنس The Moscow Conference 1943

ی دی تہران کانفرنس The Tehran Conference 1943

ک دی برٹن وڈس کانفرنس The Bretton Woods Conference 1944

ل دی ڈمبرٹن اوکس کانفرنس The Dumbarton Oaks Conference 1944

م دی یالٹا کانفرنس The Yalta Conference 1945

ن دی میکسوسٹی کانفرنس The Mexico City Conference 1945

س کمیٹی آف جیورسٹس میٹنگ Committee of Jurist's Meeting -1945

ع دی سان فرانسسکو کانفرنس The San Francisco Conference 1945

سان فرانسسکو شہر میں یہ کانفرنس اپریل ۲۵ سے جون ۲۶ تک چلتی رہی۔ ۲۶ جولائی کو امریکہ نے اس کے چارٹر کو منظور کر لیا اور ۲۴ اکتوبر کو اقوام متحدہ وجود میں آگیا۔

ہراول دستہ UNO: اقوام متحدہ عالمی سپر پاور ریاست کا ہراول دستہ یا ہیئت اول ہے

اس دستے کے مندرجہ ذیل محکمے قائم کئے گئے:

ا دی جنرل اسمبلی The General Assembly

ب دی سیکورٹی کاونسل The Security Council

ج دی اکنامک اینڈ سوشل کاونسل The Economic & social Council

د دی ٹرسٹی شپ کاونسل The trusteeship Council

ہ دی انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس The International Court of Justice

ان کے اندر دو طرح کے ادارے کام کر رہے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

ا خصوصی ایجنسیز Specialised Agencies

ب یونیورسل پوسٹل یونین Universal Postal Union 1875

۲ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن International Labour Organisation 1919 جنیوا

۳ انٹرنیشنل ٹیلی کمیونیکیشن یونین International telecommunication Union 1934 جنیوا

۴ انٹرنیشنل بینک آف ری کنسٹرکشن اینڈ ڈیولپمنٹ International Bank of Reconstruction & Development or World Bank 1944 واشنگٹن

۵ انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ International Monetary Fund 1944 واشنگٹن

۶ انٹرنیشنل سول ایویشن آرگنائزیشن International Civil Aviation Organisation 1944 مانٹریال

۷ فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن Food and Agriculture Organisation 1945 روم

۸ یونائٹڈ نیشنز ایجوکیشنل سائنٹفک اینڈ کلچرل آرگنائزیشن United Nations Educational, Scientific, and Cultural Organisation 1945 پیرس

۹ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن World Health Organisation 1946 جنیوا

۱۰ ورلڈ میٹیرولوجیکل آرگنائزیشن World Meteorological Organisation 1947 جنیوا

۱۱ انٹرگورنمنٹل میری ٹائم کنسلٹیو آرگنائزیشن Intergovernmental Maritime Consultative Organisation 1947 لندن

۱۲ دی انٹرنیشنل رفیوجی آرگنائزیشن The International Refugee Organisation 1948 لندن

پھر ۱۹۵۱ سے اس کا نام OHCR ہوگیا

۱۳ انٹرنیشنل ٹریڈ آرگنائزیشن International Trade Organisation 1948

- جنرل ایگریمنٹ آن ٹیرف اینڈ ٹریڈ — The General Agreement on Tarrif and Trade 1947
- یونائٹڈ نیشنز کانفرنس آن ٹیرف اینڈ ٹریڈ — United Nations Conference on Tarrif and Trade

دیگر مشہور نیشنل ادارے مندرجہ ذیل ہیں:

- یونیسیف نیویارک — UNICEF, 1946
- یو این ایچ سی آر جنیوا — UNHCR,1951
- آئی اے ای اے — IAEA 1957
- یو این ڈی پی نیویارک — UNDP 1966
- آئی ڈی اے واشنگٹن — International Development Association 1960
- انٹرنیشنل فائنانس کارپوریشن واشنگٹن — IFC 1957
- The Convention on Registration of Objects Launched into outer space 1967

وی اسپیس ٹریٹی ۱۹۶۷ کے تحت قائم ہوا۔

- یونائٹڈ نیشنز ایمرجنسی فورس — United Nations Emergency Force

اس عہد میں انھوں نے کل اور مکمل غلبہ کی طرف پیشقدمی شروع کی۔ جیسا کہ عرض کیا گیا کہ یہودیوں کو باوجود اس کے کہ اپنے تین بڑے خطوں ـــــ یورپ، شمول سوویت یونین، امریکہ اور آسٹریلیا کے سلسلے میں ہر طرح کا اطمینان تھا لیکن وہ اب بھی ایشیا، افریقہ اور لاطینی امریکہ کے سلسلے میں اطمینان محسوس نہیں کرتے تھے لہٰذا انھوں نے اپنی کوششوں کا رُخ ان تین علاقوں کی طرف موڑ دیا۔ اور مابعد جنگ عظیم دوم یہ علاقے ہر طرح کی تاریکیوں سے معرکہ گاہ بن گئے۔ انھوں نے Democracy کے راستے Monocracy کے حصول کی کوشش کو اور تیز کر دیا۔ ساتھ ہی ساتھ اقوام متحدہ جو ان کی تیسری قوت کا دوسرا شعبہ تھا کی قوت کو زیادہ سے زیادہ مضبوط بنانے کی کوشش کی گئی اور فتح رفتہ تیسری قوت کے

لیکن اچانک دنیا میں کچھ امور ایسے رونما ہونے لگے جو یہودیوں

اسلامی ریٹارڈیشن: کی توقع کے بالکل خلاف تھے۔ ان کے لئے Retardation کی ایک نئی شکل تھی۔ اور وہ اس کی شدت Intensity کا بخوبی علم رکھتے تھے لہٰذا ان کے ایوان میں یکایک زلزلہ آگیا اور وہ اس قوت سے نبٹنے اور اپنے منصوبوں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کیلئے از سر نو صف بندی کرنے پر مجبور ہوئے۔ یہ Retardation عالم اسلام کی طرف سے تھا۔ اور اس کے تین حصے ہیں:

① 1954 سے سوویت روس کے مسلم علاقوں میں اسلام کی بیداری کا بڑھتا جو یہودیوں کے ایک قطب کے لئے مہلک بن گیا۔

② 1973 کا شاہ فیصل کا تیل کی ناکہ بندی اور تیل کی قیمتوں میں اضافہ جس نے دراصل پورے یہودی نظام کو بالعموم اور ان کی تیسری قوت کے پہلے شعبے کو بالخصوص متزلزل کر دیا۔ اور اس کا خطرہ پیدا ہو گیا کہ گزشتہ ۶۰۰ سالوں سے ترقی پذیر اور اب غالب یہودی مالیاتی نظام جو ان کی سازشوں کا منبع ہے بکھر کر رہ جائے گا۔

③ ۱۹۷۹ کا انقلاب ایران اور ساری دنیا میں اسلامی نظام کے قیام کی کوشش کرنیوالی تحریکات کا ابھرآنا۔

یہودی جوابی حملہ: لہٰذا عالمی یہودی نظام اپنی پوری قوت سے اسلام کی اس غیر متوقع ابھرآنے والی قوت مدافعت سے لڑنے کے لئے تیار ہو گیا۔ یہودیت کی یہ تیاری چار صورتوں میں ظاہر ہوئی جو درج ذیل ہے:

① جنگ خلیج اور شرق وسطیٰ کی کل مصدقی، سیاسی، اقتصادی اور تمسکات کی شکل کی دولت پر مکمل قبضہ جس کا فیصلہ واضح طریقے سے ۱۹۷۹ سے قبل کر لیا گیا تھا۔

② یہودیوں نے محسوس کر لیا کہ اسلام کی قوت سے لڑنا ان کی موجودہ مورچہ بندی کے ساتھ ناممکن ہے لہٰذا انھیں یہ بات ناگزیر محسوس ہوئی کہ دونوں یہودی قطبوں یعنی کمیونسٹ بلاک اور سرمایہ دارانہ بلاک یعنی روس اور امریکہ کو ملا دیا جائے اور مل کر Cold War کا خاتمہ کرنا پڑتا۔ اور پھر

دونوں کی قوتوں کو ملا کر ایک نئی مورچہ بندی کرنی پڑتی لہٰذا اس کے لئے انھوں نے دو طریقے اپنائے جو درج ذیل ہیں۔

① تعمیرِ نو Perestroika جس کے تحت کمیونسٹ بلاک کو توڑ کر سرمایہ دارانہ بلاک میں ملنے کے قابل بنانا تھا۔

② کشادگی Glasnost جس کے تحت ایک متحدہ بلاک تشکیل دینا تھا۔ پہلا پرچہ دونوں کا آغاز 1985 سے کر دیا گیا جو 1990-91 میں اختتام کو پہنچا۔

③ نیو ورلڈ آرڈر جس کا اعلان 1991 میں ہوا جس کے تحت یہودیوں کے نقطۂ نگاہ سے مسلم کے کھلنے کے بعد یہودی عالمی نظام کے قیام کی طرف پیشقدمی کی جائی ہے۔

اس نیو ورلڈ آرڈر میں یہودیوں کی 1919 میں قائم کردہ Monocracy, Dunocracy میں بدل جائے گی۔ چنانچہ 1990 کے بعد دنیا میں واحد یہودی قوت امریکہ کی شکل میں ہے جو بقیہ تین ملانیہ شعبوں یعنی یہودی تیسری قوت کے پہلے شعبے یعنی مالیاتی عالمی یہودی نظام اور دوسرے شعبے یعنی اقوام متحدہ کے ساتھ کلی یہودی غلبہ کے لئے کوشاں ہے۔

ماوراء استعماریت: ⑧ ماوراء نئی استعماریت عہد Ultra Neo-Colonialisation Era اسے Age of Jewish total monopoly اور حق کے کلی طور پر بے دخلی کا عہد Age of Total Marginalisation of Haq بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس عہد میں یہودیوں کی کوشش ہے کہ ساری غیر یہودی دنیا کے عقاید، عبادات، معاملات، تمدن، تہذیب، ثقافت، زبان، معیشت، قوتی، وسائل، ترسیل، تدبیر، عمل و وقوع، گزرگاہ، غرض زندگی کے ہر شعبے پر غیر یہودی تنسیخ و قانون کا خاتمہ اور پوری دنیا پر کلی یہودی اجارہ داری کی اقامت کر دی جائے۔ اس عہد کی شروعات عملاً 1989 سے ہو چکی ہے۔ اس کی علامتیں ظاہر ہو چکی ہیں، سارے عرب ملکوں پر علانیہ اتحاد عربیوں کا سایہ خواہ براہ راست یا بالواسطہ ختم ہو جانا، سوویت یونین کا ٹوٹ کر منتقل ہو جانا عربی قوت مزاحمت کا بالکل ٹوٹ جانا، فلسطین کی تنظیم آزادی PLO کا بے دست و پا ہو جانا

کے تین Threat میں سے کم از کم ایک کو انھوں نے کلی طور پر اور بقیہ دو کو 90% اور 80% فیصد Neutralise کر دیا ہے۔ مسلمانوں کی سیاسی اور معاشی قوت 90% ٹوٹ چکی ہے اور ان کی عالمی، ملاقائی، اجتماعی اور انفرادی زندگیاں یہودیوں کے مالی تحفے کی گلی گرفت میں ہے جو ہر لمحے سخت ہوتی جا رہی ہے۔

کلی اجارہ داری: ہر چند کہ بھی ماوراء نو استعماریت عہد کے شروع ہونے میں چند ماہ باقی ہیں لیکن یہ ہر عمل ہو گا کہ ہم اس بات کا جائزہ لیں کہ یہودی سازش نے اب تک کیا حاصل کر لیا ہے اور یہودیوں اور عالم اسلام کی حقیقی صورت حال کیا ہے۔ واضح ہو کہ اگر ابتداء میں دنیا کی جن نعمتوں کا ذکر کیا گیا تھا اس کے حقیقی مالک اب تک اہل اسلام تھے۔ لیکن ان تمام چیزوں پر یہودیوں کی بالادستی قائم ہو چکی ہے۔ یہودی اجارہ داری کا اجمالی خاکہ درج ذیل ہے۔

عقائدی: ① عقائدی اجارہ داری۔ عقائدی اجارہ داری کا مفہوم ہے ساری دنیا سے غیر یہودی اسود کلی خواہ انفرادی سطح پر ہوں یا اجتماعی سطح پر عقائد سے تعلق رکھتے ہوں یا عبادات سے یا معاملات ہوں یا تدبیر منزل ـــــ خاتمہ کر دیا جائے یا ان کی کلی بیخ کنی ہو جائے۔ اس کا دوسرا مفہوم ہے دنیا سے ربانی دیانت، اخلاقیات اور احکام مثلاً حلال و حرام کا خاتمہ کر دینا اور ہر اس چیز کو ممنوع، قابل گرفت قرار دینا جو اللہ کے نزدیک محبوب اور مطلوب ہے اور ہر اس چیز کو مستحسن قرار دینا جو شیطان کے یہاں محبوب و مطلوب ہے۔ اور پوری عالم انسانیت کو ربانی دین کے بجائے شیطانی دین پر کھڑا کر دینا۔ عالم عیسائیت نے اس سازش کے سامنے اٹھارہویں صدی ہی میں گھٹنے ٹیک دیئے تھے۔ اب ان کا مقابلہ عالم اسلام سے تھا۔ لہٰذا گزشتہ دو سو سالوں میں اور بطور خاص جنگ عظیم اول کے بعد اجتماعی یا امت کی سطح پر اسلام کی ہر چیز ٹوٹ چکی ہے صرف حج کے مراسم باقی رہ گئے ہیں۔ اور انفرادی سطح پر عبادات کی چند چیزیں۔ ورنہ اسلام کا اجتماعی نظام، حلال و حرام کی کلی اور انفرادی سطح، عبادات، اور معاملات کی ہر چیز ٹوٹ گئی ہے۔ اور اہل علم سے یہ بات پوشیدہ نہیں ہو گی کہ یہ حدیث آج کس قدر پوری ہوتی نظر آتی ہے:

عن أبي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ليأتين على الناس

[illegible] إلا أكل الربوا فإن لم يكن فمن أقتر مذ بمت بخار و

[illegible] ـــــــــ رواه احمد وابو داؤد والنسائی وابن ماجه

[illegible] حیات انسانی کی جملہ اجتماعی اور انفرادی پہلوؤں ـــــ رزق، متاع، عبادات [illegible] حیات، سب پر حرام کا کلی تسلط ہوگیا ہے۔

